پہلا پرچہ: قرآن مجید وتجوید

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول ۔۔۔ قران مجید

سوال نمبر1:۔ درج ذیل میں سے کسی چھ آیات مبارکہ کا ترجمہ کریں۔ ۶x۱۰=۶۰

(i) قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّکَ یُبَیِّنْ لَنَا مَا لَوْنُهَا قَالَ إِنَّهٗ یَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَۃٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِینَ

(ii) وَ آمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَکُمْ وَ لَا تَکُونُوا أَوَّلَ کَافِرٍ بِهٖ وَ لَا تَشْتَرُوا بِآیَاتِی ثَمَنًا قَلِیلًا وَ إِیَّایَ فَاتَّقُونِ

(iii) وَ إِذْ أَخَذْنَا مِیثَاقَکُمْ لَا تَسْفِکُونَ دِمَاءَکُمْ وَ لَا تُخْرِجُونَ أَنْفُسَکُمْ مِنْ دِیَارِکُمْ ثُمَّ أَقْرَرْتُمْ وَ أَنْتُمْ تَشْهَدُونَ

(iv) فَبَدَّلَ الَّذِینَ ظَلَمُوا قَوْلًا غَیْرَ الَّذِی قِیلَ لَهُمْ فَأَنْزَلْنَا عَلَی الَّذِینَ ظَلَمُوا رِجْزًا مِنَ السَّمَاءِ بِمَا کَانُوا یَفْسُقُونَ

(v) أَوَ لَا یَعْلَمُونَ أَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا یُسِرُّونَ وَ مَا یُعْلِنُونَ وَ مِنْهُمْ أُمِّیُّونَ لَا یَعْلَمُونَ الْکِتَابَ إِلَّا أَمَانِیَّ وَ إِنْ هُمْ إِلَّا یَظُنُّونَ

(vi) وَ إِنْ کَانَتْ لَکَبِیرَۃً إِلَّا عَلَی الَّذِینَ هَدَی اللّٰهُ وَ مَا کَانَ اللّٰهُ لِیُضِیعَ إِیمَانَکُمْ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَحِیمٌ

(vii) وَ مِنْ حَیْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَکَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَ إِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّکَ وَ مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ

(viii) إِنَّ الصَّفَا وَ الْمَرْوَۃَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ فَمَنْ حَجَّ الْبَیْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِ أَنْ یَطَّوَّفَ بِهِمَا

(ix) وَ إِذَا قِیلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَیْنَا عَلَیْهِ آبَاءَنَا أَوَ لَوْ کَانَ آبَاؤُهُمْ لَا یَعْقِلُونَ شَیْئًا وَ لَا یَهْتَدُونَ

(x) أَیَّامًا مَعْدُودَاتٍ فَمَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَرِیضًا أَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّۃٌ مِنْ أَیَّامٍ أُخَرَ وَ عَلَی الَّذِینَ یُطِیقُونَهٗ فِدْیَۃٌ طَعَامُ مِسْکِینٍ

سوال نمبر2:۔ درج ذیل میں سے صرف پانچ الفاظ قرآنیہ کے معانی لکھیں۔ ۵x۲=۱۰

(i) خَتَمَ اللّٰهُ (ii) السُّفَهَآءِ (iii) بَرْقٌ (iv) بَعُوْضَةً (v) الدِّمَآءَ (vi) مُسْتَقَرٌّ (vii) بَلَآءٌ (viii) جَنَفًا

حصہ دوم ۔۔۔ تجوید

سوال نمبر3:۔ درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ حروف کے مخارج تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

ت ، ج، س ، ط ، غ ، ق ، ن

سوال نمبر4:۔ درج ذیل میں سے دو اجزاء کے جواب دیں۔

(الف) حروف اصلیہ اور حروف لین تحریر کریں۔ ۱۰

(ب) صفاتِ لازمہ ، استعلاء ، قلب ، اخفاء شفوی ، راءِ ممالہ میں سے ہر ایک اصطلاح کی تعریف کریں۔ اور مثال دیں۔ ۵x۲=۱۰

(ج) صفات لازمہ متضادہ میں سے کوئی پانچ تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

دوسرا پرچہ: عقائد و فقہ

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔عقائد

سوال نمبر1: درج ذیل میں سے کسی پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) خدا تعالیٰ کی توحید و کمالات بیان کریں۔
(ب) اللہ تعالیٰ کی قدرت بیان کریں۔
(ج) اللہ تعالیٰ کا استغناء بیان کریں۔
(د) ولی کو نبی سے افضل ماننے کا حکم بیان کریں۔
(ھ) نبی کی کسی چیز کو ہلکا جاننے کا حکم بیان کریں۔
(و) ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاص خاص فضیلتیں بیان کریں۔

سوال نمبر2: درج ذیل میں سے پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) اللہ تعالیٰ کی کتابیں کون کونسی ہیں اور کس کس نبی پر اتریں؟
(ب) کس وقت ایمان لانا بیکار ہے؟
(ج) قبر میں کس کس سے سوال نہیں ہوتا؟
(د) کن لوگوں کے بدن کو مٹی نہیں کھا سکتی؟
(ھ) دابۃ الارض کیا چیز ہے؟
(و) کون کون سے لوگ شفاعت کریں گے؟

حصہ دوم۔۔۔فقہ

سوال نمبر3: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) نماز کے شرائط بیان کریں۔
(ب) وضو کا طریقہ لکھیں۔
(ج) دہ دردہ کی تعریف اور حکم بیان کریں۔
(د) کن چیزوں سے کنواں ناپاک ہوجاتا ہے؟
(ھ) نجاست غلیظہ کیا کیا چیزیں ہیں؟
(و) کن جانوروں کا جھوٹا نجس ہے؟

سوال نمبر4: درج ذیل میں سے صرف پانچ اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ ۵x۵=۲۵

(الف) تیمم میں کتنی باتیں فرض ہیں؟
(ب) موزہ پر مسح کی شرائط بیان کریں۔
(ج) حیض کے خون کے رنگ بیان کریں۔
(د) حیض والی عورت کیا کیا کام نہیں کرسکتی؟
(ھ) پتلی نجاست پاک کرنے کا طریقہ بیان کریں۔
(و) عورت کے اعضائے عورت کون کونسے ہیں؟

تیسرا پرچہ: صرف

نوٹ: دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔میزان و منشعب

سوال نمبر1: (الف) ماضی کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ ہر ماضی کی مثال دیں۔ ۵x۳=۱۵

(ب) مضارع کے صیغے بیان کر کے بتائیں کہ علامتِ مضارع کیا ہے؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر2: (الف) ''لَنْ'' فعل مضارع میں لفظی و معنوی کیا عمل کرتا ہے؟
کسی بھی مصدر سے بحث نفی فعل مضارع مجہول لکھیں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) امر بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر3: (الف) میزان الصرف کی روشنی میں اسم آلہ بنانے کا طریقہ بیان کریں۔ ۱۰

(ب) ثلاثی مجرد کے کل کتنے اور کون کون سے ابواب ہیں؟ ہر ایک کی مثال دیں ۱۰+۵=۱۵

حصہ دوم۔۔۔صرف بهترال

سوال نمبر4: (الف کلام عرب کا میزان کون سے حروف ہیں اور انہیں میزان کیلئے کیوں مقرر کیا گیا؟
نیز قلب مکانی کیا ہے؟ ۱۲+۳=۱۵

(ب) ناقص واوی اور لفیف مقرون کی تعریف اور مثال لکھیں؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر5: (الف) اسم ظرف والا قانون تحریر کریں، نیز تصغیر بنانے کا طریقہ بیان کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) ضَرَبْنَ، نضْرِبُ اور مَضْروبٌ میں سے کسی دو کی بنائیں صرف بهترال کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6: (الف) الف مقصورہ والا قانون مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

(ب) درج ذیل قانون کا ترجمہ کر کے مثالیں دیں۔ ۱۰

سین شین اگر یکے از یشاں در مقابلہ فا کلمہ باب افتعال واقع شود تا افتعال را جنس فا کلمہ کنند جوازا
وجنس را در جنس ادغام کنند وجوبا

چوتھا پرچہ: نحو

نوٹ: آخری دونوں سوال لازمی ہیں باقی میں سے کوئی دوسوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔نحو میر

سوال نمبر 1: (الف) مرکب کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ ہر ایک کی تعریف کریں نیز جملہ خبریہ کی اقسام بیان کریں۔ ۱۵=۹+۶

(ب) اسمائے اشارات کون کونسے ہیں؟ سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) معرب اور مبنی کی تعریف کر کے مثال دیں، مبنی الاصل کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں؟۔ ۱۵=۵+۱۰

(ب) اسم منقوص اور جمع مذکر سالم میں سے ہر ایک کا اعراب بیان کریں اور مثالیں بھی دیں۔ ۱۰=۵+۵

سوال نمبر 3: (الف) وجوہ اعراب کے اعتبار سے اسم متمکن کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

(تمام اقسام کے صرف نام لکھیں)۔ ۱۵

(ب) افعال ناقصہ کتنے اور کونسے ہیں نیز وہ کیا عمل کرتے ہیں؟ مثال دیکر بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 4: (الف) وہ حروف جو فعل مضارع کو جزم کرتے ہیں کتنے اور کون کونسے ہیں؟ ہر حرف کی مثال بھی دیں۔ ۱۰

(ب) جمع قلت کی تعریف کر کے اس کے اوزان لکھیں۔ ۱۰

حصہ دوم۔۔۔نظم مائۃ عامل

سوال نمبر 5: درج ذیل میں سے تین اجزاء کا جواب دیں۔

(الف) ناظم نے حروفِ جارہ کتنے اور کون کونسے بیان کیے ہیں؟ شعر کی صورت میں بیان کریں۔ ۱۰

(ب) اسم نکرہ کو نصب دینے والے اسماء شعر کی صورت میں بیان کریں۔ ۱۰

(ج) اسماءِ افعال کے متعلق اشعار تحریر کریں۔ ۱۰

(د) درج ذیل اشعار کی تشریح اس انداز سے کریں کہ مصنف کی مراد واضح ہوجائے۔ ۱۰

بعد ازاں ہفت قیاسی اسم فاعل مصدر است — اسم مفعول و مضاف و فعل باشد مطلقا

پس صفت باشد کہ مانند اسم فاعلست — ہفتم اسم تام باشد ناصب تمییز را

وقت: تین گھنٹے | تنظیم المدارس اہلسنّت پاکستان رجسٹرڈ | کل نمبر: ۱۰۰

امتحان ضمنی م-۹/۵ الشهادة الثانوية العامة میٹرک سال اول برائے طلبہ سال ۱۴۴۲ھ

پانچواں پرچہ: عربی ادب

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

سوال نمبر 1: **(الف)** درج ذیل میں سے پانچ جملوں کا ترجمہ کریں۔ ۵x۳=۱۵

(i) هذا مكتب (ii) هذا ورق (iii) الاسلام ديني (iv) الكتاب الأبيض فوق الكتاب الأسود

(v) هل هذه شجرة كبيرة؟ (vi) لي رأس واحد ووجه واحد (vii) ألك أنفان؟ (viii) يدي على أذني

(ب) درج ذیل میں سے ایک جزء کا ترجمہ کریں۔ ۱۰

(i) أقعد مع صديقي تحت الأشجار زمنا قصيرا نتكلم عن الدراسة والمدرسة ثم أمد يدي إلى صديقي ويمد يده إلى أصافحه ويصافحني وأحييه ويحييني وأقول له نلتقي في المدرسة۔

(ii) تشرق الشمس في الصباح وتغرب في المساء۔ الصباح أول النهار والمساء آخر النهار والظهر وسط النهار. الشمس وقت الظهر في وسط السماء تشرق الشمس فياتي الصباح فيطير الطير من عشه

سوال نمبر 2: **(الف)** درج ذیل میں سے تین جملوں کی عربی بنائیں۔ ۳x۵=۱۵

(i) آپ کا کیا نام ہے؟ (ii) کھڑکی کہاں ہے؟ (iii) آپ مجھے اپنی پنسل دیں۔ (iv) میرا ہاتھ میرے ناک پر ہے (v) وہ تیرا گھر ہے۔

(ب) درج ذیل میں سے پانچ خالی جگہیں پُر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) اسم صديقي........ (ii) الأذن قريب من.......... (iii) محمد.......... ونبيك

(iv) الصورة........ المنضدة (v) واحد واثنان و...... وأربعة (vi) نحن نقوم وأنتن......

(vii) كم كتبا...... المكتبة (viii) قدمي....... الأرض

سوال نمبر 3: **(الف)** درج ذیل میں سے تین الفاظ کو عربی جملوں میں استعمال کریں۔ ۳x۵=۱۵

(i) الكتاب (ii) المنضدة (iii) البيت (iv) الشمس (v) الصباح

(ب) درج ذیل میں سے پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) حجرة (ii) التمرين (iii) السلاح (iv) سكة (v) جدة (vi) بطاقة (vii) الحمار (vii) الأسد

سوال نمبر 4: **(الف)** درج ذیل میں سے تین سوالات کے عربی میں جوابات تحریر کریں۔ ۳x۵=۱۵

(i) أين مدرستك؟ (ii) ما اسم صديقك؟ (iii) كم عمة لك؟

(iv) هل لك شعر طويل؟ (v) ما اسم أبيك؟

(ب) اکتیس سے چالیس تک گنتی عربی میں تحریر کریں۔ ۱۰

چھٹا پرچہ: جنرل سائنس ومطالعہ پاکستان

پہلا اور آخری سوال لازمی ہے، باقی دونوں حصوں سے کوئی دو، دوسوال حل کریں۔

حصہ اول: جنرل سائنس

سوال نمبر1:۔(الف) خالی جگہ پر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) مسلمان سائنسدان........ کو کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے۔(ii) کتاب المناظر........ پر پہلی جامع کتاب ہے۔

(iii) ایڈز کے وائرس کو........ کہتے ہیں۔ (iv) پودوں کے متعلق علم کو........ کہا جاتا ہے۔

(v) خسرے کے انجیکشن بچے کو........ سال کی عمر میں دیے جاتے ہیں۔

(ب) درست اور غلط کی نشاندہی کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) جابر بن حیان فزکس کے ماہر تھے۔ (ii) تپ دق لاعلاج مرض ہے۔ (iii) جانوروں کے علم کو باٹنی کہتے ہیں۔

(iv) ایڈز چھوت کی بیماری نہیں ہے۔(v) کتاب المناظر البیرونی کی کتاب ہے۔

سوال نمبر2:۔ سائنس کی ترقی کیلئے کام کرنیوالے دو مسلمان سائنسدانوں کے نام اور انکے اہم کارنامے تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر3:۔ ملیریا سے بچاؤ کے مختلف طریقے بتائیں۔ ۱۵

سوال نمبر4:۔ چند مشہور پاکستانی سائنسدانوں کے نام اور انکے اہم کارنامے بیان کریں۔ ۱۵

حصہ دوم: مطالعہ پاکستان

سوال نمبر5:(الف) خالی جگہ پر کریں۔ ۵x۲=۱۰

(i) عدل وانصاف اسلامی قانون کا..... ہے۔(ii) امام احمد رضا نے تقریبا...... علوم وفنون پر سینکڑوں کتب لکھیں۔

(iii) 1934ء....... نے مسلم لیگ کی باگ ڈور سنبھالی۔ (iv) علامہ عبدالعلیم صدیقی........... کے والد ماجد ہیں۔

(v) اسلامی نظریہ حیات میں اقتدار اعلیٰ........... کے پاس ہے۔

(ب) مختصر جواب دیں۔ ۵x۲=۱۰

(i) محمد بن قاسم نے سندھ پر کب حملہ کیا؟ (ii) دوقومی نظریہ کا کیا مطلب ہے؟

(iii) قائداعظم نے مسلم لیگ کی قیادت کب سنبھالی؟ (iv) آل انڈیا مسلم لیگ کی تشکیل کس سن میں ہوئی؟

(v) برصغیر میں اشاعت اسلام کا سب سے پہلا سبب کیا تھا؟

سوال نمبر6:۔ برصغیر میں اسلامی حکومت کے زوال کے اسباب پر روشنی ڈالیں۔ ۱۵

سوال نمبر7:۔ جنگ آزادی میں حصہ لینے والے مشائخ میں سے پانچ کے اسمائے گرامی نقل کریں۔ ۱۵

سوال نمبر8:۔ قائداعظم کے چودہ نکات تحریر کریں۔ ۱۵